احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

روزنامہ
الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 4 ستمبر 2008ء 3 رمضان 1429 ہجری 4 تبوک 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 203

سایہ رحمت کا مہینہ

حضرت عبادہ بن صامتؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:۔

تم پر رمضان کا مہینہ آیا ہے یہ برکت کا مہینہ ہے اللہ تعالیٰ تم پر سایہ رحمت کرتا ہے اور تمہاری خطاؤں کو مٹاتا ہے اور اس مہینے میں دعائیں قبول ہوتی ہیں۔

(الترغیب والترھیب کتاب الصوم حدیث نمبر 1490 جلد 2 صفحہ 60)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

تم پر روزے فرض کئے گئے ہیں مگر جو تم میں سے بیمار یا سفر پر ہو وہ اتنے روزے پھر رکھے۔

(شہادت القرآن ۔ روحانی خزائن جلد 6 ص 331)

میری تو یہ حالت ہے کہ مرنے کے قریب ہو جاؤں تب روزہ چھوڑتا ہوں طبیعت روزہ چھوڑنے کو نہیں چاہتی یہ مبارک دن ہیں اور اللہ تعالیٰ کے فضل ورحمت کے نزول کے دن ہیں۔ (ملفوظات جلد اول ص 439)

کُتِبَ سے فرضی روزے مراد ہیں۔ (ملفوظات جلد پنجم ص 147)

اس سوال کے جواب میں کہ جہاں چھ ماہ تک سورج نہیں چڑھتا روزہ کیونکر رکھیں۔فرمایا۔

اگر ہم نے لوگوں کی طاقتوں پر ان کی طاقتوں پر قیاس کرنا ہے تو انسانی قویٰ کی جڑھ جو حمل کا زمانہ ہے مطابق کر کے دکھلانا چاہئے پس ہمارے حساب کی اگر پابندی لازم ہے تو ان بلاد میں صرف ڈیڑھ دن میں حمل ہونا چاہئے اور اگر ان کے حساب کی تو دوسو چھیاسٹھ برس تک بچہ پیٹ میں رہنا چاہئے اور یہ ثبوت آپ کے ذمہ ہے۔حمل صرف ڈیڑھ دن تک رہتا ہے لیکن دوسو چھیاسٹھ برس کی حالت میں یہ تو ماننا کچھ بعید از قیاس نہیں کہ وہ چھ ماہ تک روزہ بھی رکھ سکتے ہیں کیونکہ ان کے دن کا یہی مقدار ہے اور اسی کے مطابق ان کے قویٰ بھی ہیں۔

(جنگ مقدس۔ روحانی خزائن جلد 6 ص 277)

تیسری بات جو (-) کا رکن ہے وہ روزہ ہے۔روزہ کی حقیقت سے بھی لوگ ناواقف ہیں۔اصل یہ ہے کہ جس ملک میں انسان جاتا نہیں اور جس عالم سے واقف نہیں اس کے حالات کیا بیان کرے۔روزہ اتنا ہی نہیں کہ اس میں انسان بھوکا پیاسا رہتا ہے بلکہ اس کی ایک حقیقت اور اس کا اثر ہے جو تجربہ سے معلوم ہوتا ہے۔انسانی فطرت میں ہے کہ جس قدر کم کھاتا ہے اسی قدر تزکیہ نفس ہوتا ہے اور کشفی قوتیں بڑھتی ہیں۔خدا تعالیٰ کا منشا اس سے یہ ہے کہ ایک غذا کو کم کرو اور دوسری کو بڑھاؤ۔ ہمیشہ روزہ دار کو یہ مدنظر رکھنا چاہئے کہ اس سے اتنا ہی مطلب نہیں ہے کہ بھوکا رہے بلکہ اسے چاہئے کہ خدا تعالیٰ کے ذکر میں مصروف رہے تا کہ تبتل اور انقطاع حاصل ہو۔پس روزے سے یہی مطلب ہے کہ انسان ایک روٹی کو چھوڑ کر جو صرف جسم کی پرورش کرتی ہے دوسری روٹی کو حاصل کرے جو روح کے لئے تسلی اور سیری کا باعث ہے اور جو لوگ محض خدا کے لئے روزے رکھتے ہیں اور نرے رسم کے طور پر نہیں رکھتے انہیں چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کی حمد اور تسبیح اور تہلیل میں لگے رہیں جس سے دوسری غذا انہیں مل جاوے۔ (ملفوظات جلد پنجم ص 102)

روزہ اور نماز ہر دو عبادتیں ہیں۔روزے کا زور جسم پر ہے اور نماز کا زور روح پر ہے۔نماز سے ایک سوز و گداز پیدا ہوتی ہے۔اس واسطے وہ افضل ہے۔روزے سے کشوف پیدا ہوتے ہیں۔مگر یہ کیفیت بعض دفعہ جوگیوں میں بھی پیدا ہو سکتی ہے۔لیکن روحانی گدازش جو دعاؤں سے پیدا ہوتی ہے۔اس میں کوئی شامل نہیں۔ (ملفوظات جلد چہارم ص 292)

حکومتی میڈیکل اور ڈینٹل کالجز میں داخلہ ٹیسٹ

۞ ایم بی بی ایس اور بی ڈی ایس کے سال اول میں داخلہ کیلئے انٹری ٹیسٹ کا اعلان کر دیا گیا ہے۔یہ انٹری ٹیسٹ مورخہ 14 ستمبر 2008ء کو صبح 9 بجے لاہور' ملتان' راولپنڈی' فیصل آباد' بہاولپور' رحیم یار خان' ساہیوال' گجرات' سرگودھا اور واہ کینٹ میں منعقد ہو گا۔انٹری ٹیسٹ فارم مورخہ 27/اگست تا 4 ستمبر 2008ء تک حاصل کئے جا سکتے ہیں۔انٹری ٹیسٹ فارم بمعہ فیس 4 ستمبر تک شام 5 بجے متعلقہ ٹیسٹ سنٹر میں جمع کروائے جا سکتے ہیں۔انٹری ٹیسٹ میں شامل ہونے کیلئے ضروری ہے کہ F.Sc پری میڈیکل میں 715/1100 نمبر ہوں اور عمر 25 سال سے زائد نہ ہو۔انٹری ٹیسٹ کے ماڈل پیپرز اور دیگر معلومات کیلئے ویب سائٹ www.uhs.edu.pk اور فون نمبر 042-9231304-9 پر رابطہ فرمائیں۔

(نظارت تعلیم)

صد سالہ جوبلی تمغہ جات 2008ء

۞ ایسے تمام طلباء وطالبات جنہوں نے امسال حکومت سے منظور شدہ کسی بھی پاکستانی بورڈ یا یونیورسٹی سے اول دوم سوم پوزیشنز حاصل کی ہے ان سے درخواست ہے کہ 15 ستمبر 2008ء سے قبل نظارت تعلیم سے رابطہ کریں۔تا کہ ان کے لئے تمغہ جات کی تیاری کا کام شروع کیا جا سکے۔

نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ

فون 0332-7079462,0321-7707403

047-6212473

فیکس:047-6212398

(نظارت تعلیم)

درخواست دعا

☆ خدا تعالیٰ کی راہ میں قید کئے جانے والے مختلف احباب جماعت کی باعزت رہائی کیلئے درخواست دعا ہے۔اللہ تعالیٰ ان اسیران راہ مولیٰ کو اپنی حفظ وامان میں رکھے اور ان کو ہر قسم کی پریشانی سے بچائے۔آمین

مرتبہ: مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

نمبر 10

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ۔ حالات اور خدمات

(عہد خلافت کے اہم واقعات ۔ سوال و جواب کی شکل میں)

سوال: جماعت احمدیہ آئرلینڈ کا پہلا جلسہ سالانہ کب ہوا اور حاضری کتنی تھی۔

جواب: 22 ستمبر 2002ء کو۔ 170 افراد نے شرکت کی۔

سوال: روزنامہ الفضل ربوہ انٹرنیٹ پر کب جانا شروع ہوا۔

جواب: 3/اکتوبر 2002ء کو۔

سوال: لجنہ اماء اللہ آسٹریا کا پہلا سالانہ اجتماع کب ہوا۔

جواب: 2002ء میں۔

سوال: جماعت کے معروف مصنف ملک صلاح الدین صاحب کی وفات کب اور کہاں ہوئی۔

جواب: 2 فروری 2003ء کو لدھیانہ میں۔

سوال: ہانگ کانگ میں جماعت کی رجسٹریشن کب ہوئی۔

جواب: 20 فروری 2003ء کو۔

سوال: مریم شادی فنڈ کا اجرا کب فرمایا۔

جواب: فنڈ کے اجراء کا اعلان 21 فروری 2003ء کو ہوا اور اس کے نام کا اعلان 28 فروری کے خطبہ جمعہ میں کیا گیا۔

سوال: بوسنیا میں پہلے احمدیہ مرکز بیت السلام کا قیام کب عمل میں آیا۔

جواب: یکم مارچ 2003ء کو۔

سوال: بیلجیئم سے ماہنامہ السلام کا اجراء کب ہوا۔

جواب: مارچ 2003ء میں۔

سوال: حضور نے اپنی زندگی کا آخری خطبہ کب ارشاد فرمایا۔

جواب: 18/اپریل 2003ء کو۔

سوال: حضور نے آخری خطبہ اللہ تعالیٰ کی کس صفت پر ارشاد فرمایا۔

جواب: صفت خبیر پر۔

سوال: حضور نے زندگی کی آخری تحریک کونسی فرمائی اور کب۔

جواب: حضور نے 4/اپریل 2003ء کے خطبہ جمعہ میں عراقی عوام کے لئے مالی امداد کی تحریک فرمائی۔

سوال: حضور کی وفات کب اور کہاں ہوئی۔

جواب: 19/اپریل 2003ء کی صبح محمود ہال (لندن) سے متصل حضور کی رہائش گاہ میں ہوئی۔

سوال: حضور کا جسد اطہر آخری دیدار کے لئے کس جگہ رکھا گیا۔

جواب: محمود ہال میں۔

سوال: حضور کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی۔

جواب: سیدنا حضرت مرزا مسرور احمد صاحب خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے۔

سوال: حضور کی تدفین کہاں ہوئی۔

جواب: حضور کو امانتاً اسلام آباد لندن میں دفن کیا گیا ہے۔

سوال: خلافت رابعہ کی چند اہم تحریکات بتائیں۔

جواب: بیوت الحمد سکیم۔ وقف نو کی تحریک۔ وقف جدید کو ساری دنیا تک وسیع کرنے کی تحریک۔ سیدنا بلال فنڈ کی تحریک۔ مریم شادی فنڈ۔ دعوت الی اللہ وغیرہ۔

سوال: حضور کی بعض تصانیف کے نام بتائیں۔

جواب: زہق الباطل۔ سوانح فضل عمر جلد اول و جلد دوم۔ ہومیو پیتھی یعنی علاجِ بالمثل۔ مذہب کے نام پر خون۔ وصال ابن مریم۔ ورزش کے زینے۔

Islam's Responce to the Contemporary Issues

Christianity - A Journey from Facts to Fiction,

Revelation, Rationality, Knowledge and Truth

سوال: ایم ٹی اے انٹرنیشنل کی 24 گھنٹے کی نشریات کے آغاز پر حضور انور بنفس نفیس کن پروگراموں میں شرکت فرماتے رہے۔

جواب: درس القرآن۔ ملاقات۔ لقاء مع العرب۔ ہومیو پیتھی کلاس۔ چلڈرن کارنر اور اردو کلاس۔

ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام

منگل 9 ستمبر 2008ء

12-30 am	عربی سروس
1-30 am	لقاء مع العرب
2-30 am	خبریں
3-00 am	درس القرآن
5-00 am	تقاریر جلسہ
6-00 am	تلاوت، درس، خبریں
8-00 am	درس القرآن
10-00 am	سیرت النبیؐ
10-35 am	تلاوت
11-15 am	خطبہ جمعہ
12-00 pm	تلاوت، درس، خبریں
3-00 pm	گلشن وقف نو
4-15 pm	درس القرآن
6-00 pm	تلاوت، درس، خبریں
7-15 pm	بنگلہ سروس
8-15 pm	جلسہ بیلجیئم
9-10 pm	رمضان پروگرام
9-40 pm	سیرت النبیؐ
10-15 pm	خبریں
10-45 pm	گلشن وقف نو
11-55 pm	تلاوت

بدھ 10 ستمبر 2008ء

12-50 am	عربی سروس
1-50 am	خطبہ جمعہ
3-00 am	جلسہ بیلجیئم
3-50 am	درس القرآن
6-00 am	تلاوت، خبریں
7-50 am	سیرت النبیؐ
8-30 am	تلاوت
9-20 am	گلشن وقف نو
10-30 am	جلسہ بیلجیئم
12-00 pm	تلاوت، درس، خبریں
2-35 pm	گلشن وقف نو
3-45 pm	انڈونیشین سروس
4-45 pm	درس القرآن
6-05 pm	تلاوت، درس، خبریں
6-20 pm	بنگلہ سروس
7-20 pm	تقاریر جلسہ
8-50 pm	خطبہ جمعہ
9-55 pm	آسٹریلیا کے نظارے
10-35 pm	تلاوت

جمعرات 11 ستمبر 2008ء

12-30 am	عربی سروس
12-40 am	لقاء مع العرب
1-45 am	خبریں
2-15 am	سیرت النبیؐ
2-50 am	درس القرآن
4-00 am	تقاریر جلسہ
4-30 am	خطبہ جمعہ
6-00 am	تلاوت، درس، خبریں
7-55 am	درس القرآن
9-15 am	تلاوت
10-15 am	خطبہ جمعہ
10-30 am	تقاریر جلسہ
12-00 pm	تلاوت، درس، خبریں
2-35 pm	گلشن وقف نو
3-45 pm	انڈونیشین سروس
4-40 pm	المائدہ
5-05 pm	درس القرآن
7-00 pm	تلاوت
7-10 pm	خطبہ جمعہ
8-15 pm	ملاقات پروگرام
9-15 pm	سیرت النبیؐ
10-20 pm	تلاوت
11-25 pm	ایم ٹی اے ورائٹی
11-55 pm	المائدہ

☆☆☆

درخواست دعا

مکرم محمد رفیع جنجوعہ صاحب دارالرحمت راجیکی شرقی ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کا نواسہ عزیزم شکیل احمد وقاص واقف نو ابن مکرم محمد سلیم قمر صاحب راولپنڈی آنکھ کی اندرونی شریان میں نقص کے باعث بیمار ہے۔ اس وقت الشفا آئی ہسپتال راولپنڈی کے ماہر چشم ڈاکٹر سے علاج شروع کرا دیا گیا ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ مولا کریم بچے کو کامل شفا عطا فرماوے اور جماعت کیلئے مفید وجود بنائے۔ آمین

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

3

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ جرمنی

بیت انوار اور جامعہ احمدیہ جرمنی کا افتتاح، حضور انور کا پُرمعارف خطاب، تقریب آمین اور ملاقاتیں

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن

19/ اگست 2008ء

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے صبح پانچ بجکر بیس منٹ پر بیت السبوح میں نماز فجر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

صبح حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے دفتری ڈاک ملاحظہ فرمائی اور ہدایات دیں اور مختلف دفتری امور سرانجام دیئے۔

پونے بارہ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے دفتر تشریف لائے اور پروگرام کے مطابق ملاقاتیں شروع ہوئیں۔

ملاقاتیں

آج جرمنی کی جماعتوں Frankfurt، Rodgau Langen، Dieburg، Friedberg، Ditzenbach، Houi-Taunus، Offenbach کے علاوہ پاکستان، کینیڈا، امریکہ سے آنے والی فیملیز نے بھی حضور انور سے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔ مجموعی طور پر 56 خاندانوں کے 207 افراد نے شرف ملاقات پایا اور ہر فیملی نے اپنے پیارے آقا کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت بھی پائی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت تعلیم حاصل کرنے والے بچوں اور بچیوں کو قلم عطا فرمائے اور کم عمر بچوں اور بچیوں کو چاکلیٹ عطا فرمائیں۔

ملاقاتوں کا یہ پروگرام دوپہر دو بجے تک جاری رہا۔ بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی جائے رہائش پر تشریف لے گئے۔

بیت انوار کا افتتاح

آج پروگرام کے مطابق چار بجے سہ پہر بیت السبوح سے شہر Rodgau کے لئے روانگی تھی جہاں نئی تعمیر ہونے والی بیت انوار کی افتتاحی تقریب کا انعقاد ہونا تھا۔

چار بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے اور Rodgau کی طرف روانگی ہوئی۔ بیت السبوح فرینکفرٹ سے اس شہر کا فاصلہ 61 کلومیٹر ہے جو پینتیس منٹ میں طے ہوا۔ چار بجکر پینتیس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی بیت انوار تشریف آوری ہوئی۔ لوکل امارت Rodgau کی جماعتوں کے احباب مرد و خواتین، بچے، بچیاں اور چھوٹے بڑے سبھی اپنے پیارے آقا کے استقبال کے لئے جمع تھے اور حضور انور کی آمد کے منتظر تھے۔

جونہی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ گاڑی سے اترے تو صدر جماعت روڈ گاؤ اور مربی سلسلہ مبارک احمد تنویر صاحب نے حضور انور کو خوش آمدید کہا اور شرف مصافحہ حاصل کیا۔ اس موقعہ پر مقامی جماعتی عہدیداران نے بھی مصافحہ کی سعادت حاصل کی۔ بیت کے بیرونی احاطہ میں ایک طرف بچے اور دوسری طرف بچیاں حضور انور کی آمد پر اپنے ہاتھوں میں لوائے احمدیت اور جرمنی کا قومی پرچم لہراتے ہوئے دعائیہ نظمیں پڑھ رہی تھیں۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنا ہاتھ بلند کر کے سب کو السلام علیکم کہا۔ بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بیت کی بیرونی دیوار پر نصب تختی کی نقاب کشائی فرمائی اور بیت کے اندرونی حصہ مردانہ ہال میں تشریف لے گئے اور صدر صاحب جماعت سے دریافت فرمایا کہ اس بیت میں کتنے نمازیوں کی گنجائش ہے۔ حضور انور کو بتایا گیا کہ مردانہ ہال اور مستورات کے ہال دونوں میں مجموعی طور پر 329 افراد نماز ادا کر سکتے ہیں۔

بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت انوار Rodgau میں نماز ظہر و عصر جمع کر کے پڑھائی جس کے ساتھ بیت انوار کا افتتاح عمل میں آیا۔

افتتاحی تقریب

نمازوں کی ادائیگی کے بعد افتتاحی تقریب منعقد ہوئی۔ جس کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو مکرم محمد وارث صاحب نے کی، اس کا اردو ترجمہ مکرم مبشر احمد صاحب اور جرمن ترجمہ مکرم محمد وقاص افضل صاحب نے پیش کیا۔

بعدازاں امیر صاحب جرمنی نے Rodgau شہر کا مختصر تعارف کروانے کے ساتھ بیت کی تعمیر کے تعلق میں مختصر رپورٹ پیش کی۔

Rodgau میں احمدیت

Rodgau شہر بیت السبوح فرینکفرٹ سے جنوب کی طرف 61 کلومیٹر کے فاصلہ پر میونخ جانے والی ہائی وے پر واقع ہے۔ 65 کلومیٹر کے رقبہ پر پھیلے ہوئے 45 ہزار کی اس آبادی کے شہر میں 52 ممالک سے تعلق رکھنے والے غیر ملکی آباد ہیں۔ اس علاقے میں انسانی آبادی کے نشانات 786ء سے ملتے ہیں۔ 1576ء تک یہاں کے لوگ مویشی پالتے تھے۔ اس کے بعد کھیتی باڑی کا رجحان ہوا۔ آج بھی یہ علاقہ زرعی کہلاتا ہے اور جرمن سبزی Spargel اگانے کے لئے مشہور ہے۔

Rodgau شہر میں جماعت احمدیہ کا قیام 1986ء میں عمل میں آیا۔ یہ جماعت 234 ممبران پر مشتمل ہے اور جرمنی کی بڑی فعال اور مستعد جماعتوں میں سے ہے۔ مجلس اطفال الاحمدیہ تین بار علم انعامی حاصل کر چکی ہے اور امسال خدام الاحمدیہ نے علم انعامی حاصل کیا ہے۔

مقامی جماعت کو یہاں اکتوبر 2006ء میں 1034 مربع میٹر رقبہ پر مشتمل پلاٹ ایک لاکھ 75 ہزار یورو میں خریدنے کی توفیق عطا ہوئی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے دورہ جرمنی کے دوران 29 دسمبر 2006ء میں اس بیت کا سنگ بنیاد رکھا۔

یہاں اللہ تعالیٰ کے فضل سے بڑی خوبصورت دو منزلہ بیت تعمیر ہوئی ہے۔ جس کا گنبد اور مینارہ بیت کی طرف سے آنے والی سڑک کے شروع سے ہی نظر آتے ہیں۔ گنبد کا قطر پانچ میٹر ہے جبکہ مینارہ کی اونچائی 14 میٹر ہے اس بیت کا ڈیزائن ایک احمدی خاتون آرکیٹیکٹ مسز مبشرہ الیاس صاحبہ نے تیار کیا ہے۔

جماعت کا وفد جب شہر کے میئر سے بیت کی تعمیر کی اجازت لینے گیا تو میئر نے جماعتی وفد سے پوچھا آپ کا پیغام کیا ہے۔ ہمارے مربی نے کہا ہمارا وہی پیغام ہے جو حضرت اقدس مسیح موعود بانی جماعت احمدیہ کا ہے اور وہ یہ ہے کہ اللہ سے محبت اور اس کے بندوں سے محبت، اللہ کے حقوق کی ادائیگی اور اس کے بندوں کے حقوق کی ادائیگی۔ یہ پیغام سن کر میئر نے کہا کہ اگر یہ پیغام ہے تو پھر میں آپ کو بیت کی تعمیر کی اجازت دیتا ہوں۔ میئر نے نہ صرف بیت کی تعمیر کی اجازت دی بلکہ اجازت کے جو مختلف مراحل تھے ان میں خود کوشش کر کے ہر ممکنہ روک دور کی اور اللہ کے فضل سے بڑی آسانی سے یہاں بیت کی تعمیر کی اجازت مل گئی۔

اس بیت کے ساتھ جماعتی دفاتر بھی بنائے گئے ہیں۔ لجنہ کا دفتر بھی ہے اور جماعتی کچن کی بھی سہولت موجود ہے۔ اس بیت کے احاطہ میں خوبصورت لان بنایا گیا ہے جو پھولوں اور پودوں سے سجا ہوا ہے۔ پارکنگ کے لئے بھی مختلف جگہیں مخصوص کی گئی ہیں۔

حضور انور کا خطاب

امیر صاحب جرمنی کے تعارفی ایڈریس کے بعد حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت کی تعمیر میں غیر معمولی طور پر وقارِ عمل کرنے والے 12 احباب کو خوشنودی کے سرٹیفکیٹ عطا فرمائے بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطاب فرمایا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے تشہد و تعوذ کے بعد فرمایا۔

اللہ تعالیٰ نے آج آپ کو بھی یہ بیت تعمیر کرنے کی توفیق عطا فرمائی۔ اللہ کرے کہ اب اس تعمیر کے بعد آپ کو ہر ایک کو جو اس جماعت میں شامل ہے اس کو یہ بھی توفیق عطا فرمائے کہ اس بیت کو آباد رکھیں۔ کیونکہ صرف بیت کی تعمیر کرنا ہمارے لئے کافی نہیں، بیوت الذکر کی تعمیر کے بعد ایک بہت بڑی ذمہ داری جو ہر احمدی پر پڑتی ہے اور جس کو اسے سمجھنا چاہئے وہ ہے اس کی آبادی اور اس کی آبادی یہ ہے کہ پانچ وقت یہاں آ کر نمازوں کی ادائیگی۔ ٹھیک ہے کاموں کی مصروفیات کی وجہ سے ظہر و عصر کی نمازیں نہیں پڑھ سکتے۔ بہت سارے لوگ۔ بعض دفعہ مغرب کی نماز بھی رہ جاتی ہے۔ لیکن ایک کافی تعداد یہاں ایسی ہوگی۔ بڑی عمر کے لوگوں کی جو کوئی کام نہیں کرتے۔ کچھ ایسے لوگ ہیں جو کسی بیماری کی وجہ سے کوئی کام نہیں کر رہے جوان ہیں یہاں کسی کو کمر کی تکلیف ہے، کسی کو ٹانگ کی تکلیف ہے یا کوئی اور تکلیف ہے، ڈاکٹر کے سرٹیفکیٹ کے بعد کام کرنے کی اجازت نہیں ہوتی گھر بیٹھے ہوتے ہیں۔ ایسے لوگوں کو چاہئے کہ جب وہ گھر ہوں تو بیت میں آئیں اور نمازیں پڑھیں۔

حضور انور نے فرمایا بیت تعمیر کی جاتی ہے عبادت کے لئے اور عبادت کا ہمیں حکم ہے دن میں پانچ مرتبہ۔ پس ہمیشہ اس بات کو یاد رکھیں کہ اب جب آپ نے یہ بیت تعمیر کر لی ہے تو وہ حدیث بھی آپ کے پیش نظر ہونی چاہئے کہ جس کے گھر کے پاس سے نہر گزرتی ہو اور ادھر وہ پانچ وقت اس نہر میں نہائے تو کیا میل کچیل اس کے جسم پر رہ سکتی ہے۔ پس یہ بیت جب آپ نے تعمیر کر لی تو اپنی عبادتوں کی طرف بھی توجہ کریں۔ اس کو آباد کرنے کی طرف بھی توجہ کریں اور اپنی عبادات کے معیار بڑھانے کی طرف توجہ کریں۔ تبھی اس کا فائدہ ہے ورنہ ایک عمارت کھڑی کر دینا اس علاقے کے لوگوں کو یہ بتانے کے لئے کہ ہم نے بیت تعمیر کی ہے کافی نہیں اور جب اس روح کے ساتھ آپ لوگ اپنی عبادات کی طرف توجہ کریں گے تو پھر جو اللہ تعالیٰ کے باقی احکامات ہیں ان کی طرف بھی آپ کی توجہ پیدا ہوگی۔

جب ایک خدا کی عبادت کرنے والے ہوں گے

تو اس خدا کے باقی احکامات کی طرف بھی توجہ کرنے والے ہوں گے۔ اس زمانے میں بیوت الذکر کی تعمیر کا حق حضرت مسیح موعود کی جماعت میں شامل ہونے والوں کو صحیح طرح ہوسکتا ہے۔ یا وہ صحیح طرح ادا کرسکتے ہیں۔ کیونکہ آپ نے تلاوت میں سنا، نہ مشرکین کا کام ہے، نہ ایسے لوگوں کا کام ہے جو یوم آخرت پر یقین نہیں رکھتے کہ وہ بیوت الذکر تعمیر کریں۔ آخرت پر یقین رکھنے والے وہ لوگ ہیں جو اللہ تعالیٰ کا تقویٰ رکھنے والے بھی، خوف رکھنے والے بھی ہیں۔

حضور انور نے فرمایا پس آپ جو اپنے آپ کو حضرت مسیح موعود کی جماعت میں شامل سمجھتے ہیں اس کا حق ادا کرنے والے بنیں۔ آپ نے حضرت اقدس مسیح موعود کو مان لیا تو ان عبادتوں کے معیار حاصل کرنے والے بنیں جو اللہ تعالیٰ نے ہمیں بتائے۔

اس کی آنحضرت ﷺ نے اپنی امت کو تعلیم دی اور جس کی حضرت اقدس مسیح موعود نے ہم سے توقع رکھی۔ جب یہ چیز پیدا کریں گے تو تبھی آپ اس روشنی کو پھیلانے والے ہوں گے جس کو لے کر اس زمانے میں حضرت اقدس مسیح موعود آئے۔

پس اس بات کو ہمیشہ یاد رکھیں ''بیت انوار'' جو آپ نے نام رکھا ہے۔ اس نام کی اب لاج رکھنا بھی آپ کا فرض ہے۔ اپنے دلوں کو بھی نور سے بھریں۔ اپنے دلوں میں وہ روشنی پیدا کریں جو ایک پکے اور سچے مومن میں ہونی چاہئے اور اپنے ماحول میں بھی اس روشنی کو پھیلائیں جو دین کی حقیقی روشنی ہے۔ تبھی آپ اس بیت کے مقصد کو پورا کرنے والے ہوں گے اور تبھی آپ انشاء اللہ تعالیٰ اس علاقے میں احمدیت کے پیغام کو پہنچانے والے ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔ اب دعا کرلیں۔

خطاب کے آخر پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دعا کروائی۔ دعا کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کچھ دیر کے لئے لجنہ کے ہال میں تشریف لے گئے۔ جہاں بچیوں نے گروپس کی صورت میں مختلف نظمیں اور ترانے پیش کئے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ازراہ شفقت بچیوں کے پاس کھڑے رہے اور نظمیں سنیں۔ خواتین نے اس دوران شرف زیارت حاصل کیا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بچیوں کو چاکلیٹ عطا فرمائے۔

بعدازاں حضور انور نے لجنہ کا دفتر اور کچن بھی دیکھا۔ یہاں بھی کچھ خواتین اپنے بہت چھوٹے بچوں کے ساتھ کھڑی تھیں۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت ان کے بچوں کی چاکلیٹ ان کی ماؤں کو عطا فرمائیں۔

بیت کے بیرونی احاطہ میں مارکی لگا کر مردوں اور خواتین کے لئے علیحدہ علیحدہ ریفریشمنٹ، چائے وغیرہ کا انتظام کیا گیا تھا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ مردانہ مارکی میں تشریف لے گئے اور احباب جماعت کے ساتھ چائے نوش فرمائی۔

بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے جماعتی کچن کا بھی معائنہ فرمایا اور بعض امور کے بارہ میں استفسار فرمایا۔

اس کے بعد بیت کے احاطہ میں مجلس عاملہ لوکل امارت Rodgau مجلس عاملہ خدام الاحمدیہ اور مجلس عاملہ اطفال الاحمدیہ نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ گروپس کی صورت میں تصاویر بنوانے کی سعادت حاصل کی۔

تصاویر کے بعد بیت کے ایک حصہ میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اخروٹ کا ایک پودا لگایا۔ یہاں سے واپس روانگی سے قبل حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بچوں کے پاس تشریف لائے اور ازراہ شفقت چاکلیٹ عطا فرمائے۔ اس دوران بچیاں کورس کی صورت میں الوداعی نظمیں پڑھ رہی تھیں۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ ازراہ شفقت بچیوں کے پاس بھی تشریف لائے اور انہیں تصویر بنوانے کی سعادت عطا فرمائی۔

بعدازاں چھ بجے یہاں سے بیت السبوح فرینکفرٹ کے لئے روانگی ہوئی۔ نصف گھنٹہ کے سفر کے بعد ساڑھے چھ بجے حضور انور بیت السبوح تشریف لائے اور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

ملاقاتیں

پروگرام کے مطابق سات بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے دفتر تشریف لائے اور ملاقاتوں کا پروگرام شروع ہوا۔ آج ملاقات کی سعادت حاصل کرنے والوں میں جرمنی کی درج ذیل جماعتوں کی فیملیز شامل تھیں۔

Mannheim، Stuttgat، Koln، Friedburg، Frankfurt، Hanau، Rodgau، Langen، Ditzenbach، Houch، Main، Taunus، Dieburg، Grop-Gerau، Taunus، Heidelberg، Mainz-Wiesaden، Fulda، Kassel اور Koblenz۔ بعض جماعتوں سے آنے والی فیملیز 100 کلومیٹر سے زائد اور بعض جماعتوں سے دوصد کلومیٹر سے زائد کا سفر طے کر کے ملاقات کے لئے پہنچی تھیں۔ آج 58 خاندانوں کے 249 افراد نے شرف ملاقات حاصل کیا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بچوں اور بچیوں کو قلم اور چاکلیٹ عطا فرمائے اور ہر خاندان نے حضور انور کے ساتھ تصویر بنوانے کا شرف پایا۔

ملاقاتوں کا یہ پروگرام نو بجے تک جاری رہا۔ سوا نو بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت السبوح میں نماز مغرب و عشا جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی جائے رہائش پر تشریف لے گئے۔

20/ اگست 2008ء

صبح پانچ بجکر بیس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت السبوح میں نماز فجر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

جامعہ احمدیہ جرمنی کا قیام

آج پروگرام کے مطابق جرمنی میں جامعہ احمدیہ کا قیام عمل میں آرہا تھا اور جامعہ احمدیہ کے قیام کی افتتاحی تقریب تھی۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے آج سے پانچ سال قبل اگست 2003ء میں اپنے پہلے دورہ جرمنی کے دوران 2008ء تک جرمنی میں جامعہ احمدیہ کے قیام کا ارشاد فرمایا تھا۔ حضور انور کے ارشاد کی تعمیل میں حضور انور کی منظوری سے جامعہ کمیٹی قائم کی گئی اور مسلسل جامعہ کے قیام کے لئے مختلف پہلوؤں سے جائزہ لیتی رہی اور کام کرتی رہی۔

اپریل 2007ء میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مکرم شمشاد احمد قمر صاحب مربی سلسلہ کو جامعہ جرمنی کا پرنسپل مقرر فرمایا اور بعد میں کمیٹی کی ایک میٹنگ میں ہدایت دی کہ جامعہ احمدیہ پاکستان، کینیڈا، یو۔کے اور جرمنی کا معیار ایک ہی ہونا چاہئے اور اس طرح حضور انور نے جامعہ احمدیہ جرمنی کے کورس کے بارہ میں ہدایت فرمائی کہ وہی سلیبس ہوگا جو جامعہ احمدیہ پاکستان، کینیڈا اور یو۔کے کا ہے۔ البتہ اضافی طور پر یہاں جرمن زبان کی تدریس بھی ہوگی۔

جامعہ احمدیہ کی عمارت کے لئے جرمنی میں مختلف مقامات پر عمارتوں اور پلاٹس کا جائزہ لیا جاتا رہا۔ لیکن جرمنی کے بعض قوانین کے پیش نظر اس معاملے میں بہت دقت پیش آئی۔ الحمدللہ آجکل Riedstadt کے علاقے میں احمدیہ بیت الذکر کے پاس جامعہ کی تعمیر کے لئے ایک پلاٹ کی خرید کا معاملہ طے پاچکا ہے تاہم ابھی کچھ قانونی معاملات طے پانے باقی ہیں۔

بیت السبوح میں آغاز

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشاد کی روشنی میں جماعت جرمنی نے فیصلہ کیا کہ جب تک کسی الگ بلڈنگ کا انتظام نہیں ہو جاتا اس وقت تک بیت السبوح فرینکفرٹ میں ہی جامعہ کے سال اول کا آغاز کر دیا جائے۔ چنانچہ یہ طے پایا کہ مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی ایوان خدمت میں اپنے دفاتر کے ساتھ ملحقہ دونوں ہال اور گیلری جامعہ کے لئے خالی کر دیں۔ ان دونوں ہالوں میں جامعہ کا دفتر، پرنسپل آفس، سٹاف روم اور کلاس روم قائم کیا گیا ہے اور طلباء کی اسمبلی کے لئے جگہ تیار کی گئی ہے۔ طلباء کے ہوسٹل کے لئے بیت السبوح میں موجود تین منزلہ رہائشی عمارت استعمال ہوگی۔ طلباء کی ضرورت کے لئے ایک بڑی وسیع و عریض لائبریری جامعہ میں پہلے سے ہی موجود ہے۔ اسی طرح بیت الذکر، پروگراموں کے لئے ہال، کچن، ڈائننگ ہال، سپورٹ ہال اور پارکنگ کے لئے وسیع جگہ یہ سب کچھ بیت السبوح میں پہلے سے ہی مہیا ہے۔

جامعہ احمدیہ میں داخلے کے لئے 57 درخواستیں موصول ہوئی تھیں۔ تحریری ٹیسٹ اور انٹرویو کے بعد 25 طلباء کو پہلے سال میں داخلہ دیا گیا ہے۔ یہ سبھی طلباء اپنے والدین کے ہمراہ جامعہ کی افتتاحی تقریب میں شامل ہوئے۔

تختی کی نقاب کشائی

جامعہ کی افتتاحی تقریب کے لئے پروگرام کے مطابق گیارہ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے اور سب سے پہلے جامعہ کی بیرونی دیوار پر نصب تختی کی نقاب کشائی فرمائی اور جامعہ کے اندر معائنہ کے لئے تشریف لے گئے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے سٹاف کے دفتر، پرنسپل آفس اور سٹاف روم کا معائنہ فرمایا اور کلاس روم بھی دیکھا جو جدید طرز کے فرنیچر کے ساتھ آراستہ تھا۔ اس کلاس روم کے پچھلے حصہ میں پانچ عدد کمپیوٹر بھی رکھے گئے ہیں۔

نوٹ بک میں زریں ارشاد

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے پرنسپل صاحب کے دفتر میں نوٹ بک پر تحریر فرمایا۔

''اللہ تعالیٰ تمام اساتذہ وطلباء جامعہ احمدیہ جرمنی کو اس ادارہ میں تعلیم دینے اور تعلیم حاصل کرنے کا حق ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ ہمیشہ یاد رکھیں کہ یہ ادارہ اس نہج پر چلنا چاہئے جس کی حضرت مسیح موعود نے ہم سے توقع کی اور وہ توقع تھی کہ اللہ کا خوف دل میں رکھنے والے، علم و معرفت حاصل کرنے والے اور عاجزی اور انکساری سے دین کے لئے اپنی زندگیوں کو وقف کرنے والے علماء تیار ہوں جو حضرت مولوی عبدالکریم صاحب اور حضرت مولانا برہان الدین صاحب جہلمی جیسا مقام رکھتے ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز جامعہ کے بیرونی احاطہ میں تشریف لائے جہاں جامعہ کے پہلے سال کے نئے داخل ہونے والے طلباء نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ تصویر بنوائی۔ اس موقعہ پر جامعہ کمیٹی اور اساتذہ کرام نے بھی علیحدہ علیحدہ گروپ کی صورت میں تصویر بنوانے کی سعادت پائی۔

افتتاحی تقریب

جامعہ احمدیہ کی افتتاحی تقریب کا انتظام بیت الذکر سے ملحقہ ہال میں کیا گیا تھا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ اس ہال میں تشریف لے آئے۔

پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو عزیزم باسل احمد نے پیش کی اور اس کا جرمن ترجمہ افتخار احمد صاحب نے پیش کیا۔ بعدازاں عزیزم کمال احمد صاحب نے حضرت مصلح موعود کا منظوم کلام

میں اپنے پیاروں کی نسبت ہرگز نہ کروں گا پسند کبھی
وہ چھوٹے درجہ پہ راضی ہوں اور ان کی نگاہ رہے نیچی

خوش الحانی سے پڑھ کر سنایا۔

اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطاب فرمایا۔ اس کا متن پیش خدمت ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ کا خطاب

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے تشہد، تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد فرمایا:۔

"اللہ تعالیٰ کا بڑا شکر اور احسان ہے کہ اس نے جماعت احمدیہ جرمنی کو بھی یہاں جامعہ احمدیہ کے اجراء کی توفیق عطا فرمائی۔ جماعت احمدیہ کی جس طرح ضروریات بڑھ رہی ہیں۔ جو کام ہمارے سپرد ہے۔ اللہ تعالیٰ کے پیغام کو دنیا کے کونے کونے تک پہنچانے کا، اس کے لئے جس تعداد میں مشنریز کی، مربیان کی ضرورت ہے، موجودہ جامعات جتنے بھی ہیں اور جو مزید کھل رہے ہیں، ان میں داخل ہونے والے طلباء کی تعداد کو دیکھا جائے تو ہم ضروریات کو پورا نہیں کر سکتے۔ مختلف جگہوں سے ڈیمانڈز آتی ہیں۔ لیکن ایک کوشش ہے جو خدا کے فضل سے جماعت کر رہی ہے اور اب مختلف جگہوں پر اس کا احساس پیدا ہوا ہے۔

میرا خیال تھا کہ جامعہ احمدیہ جرمنی کچھ وقفے کے بعد شروع ہوگا۔ اتنی جلدی شروع نہیں ہو سکتا۔ لیکن امیر صاحب جرمنی اس بات پہ بڑے زور سے مصر تھے۔ ان کا اصرار تھا کہ اس جوبلی کے سال میں یہاں کا جامعہ شروع کیا جائے۔ پہلے انہوں نے ایک جگہ تلاش کی پھر دوسری جگہ تلاش کی بہت ساری روکیں آئیں لیکن کیونکہ وہ اس بات پر پکے تھے کہ ہم نے اس سال شروع ضرور کرنا ہے۔ پھر انہوں نے مجھ سے اجازت لی کہ جو یہاں بیت السبوح میں خدام الاحمدیہ کے دفاتر کے لئے جگہ دی گئی ہے وہ استعمال کر کے یہاں فی الحال جامعہ شروع کر دیا جائے اور اس دوران مزید جگہ تلاش کی جائے۔ جہاں آئندہ ضرورت کے پیش نظر کلاس رومز اور ہوسٹل وغیرہ، باقی چیزوں کی جو ضروریات ہیں وہ مہیا کی جائیں تو بہرحال اللہ تعالیٰ نے ان کے اس ارادہ کو قبول فرمایا اور آج ہم دیکھ رہے ہیں کہ جامعہ یہاں شروع ہو رہا ہے۔ اللہ کرے کہ یہ جامعہ تمام ان ضروریات کو پورا کرنے والا ہو اور اس میں سے وہ طلباء پڑھ کر نکلیں جو حقیقت میں دین کا علم حاصل کرنے والے ہوتے ہیں۔ تفقہ فی الدین کرنے والے ہوتے ہیں اور پھر وہ اس دینی علم کو، اس روشنی کو، اس نور کو جو قرآن کریم کی صورت میں اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ پر نازل فرمایا...... وہ دنیا کے کونے کونے تک پہنچانے والے ہوں۔

ہمیشہ یہ یاد رکھیں، طلباء جو یہاں بیٹھے ہوئے ہیں کہ حضرت مسیح موعود نے فرمایا ہے کہ تفقہ فی الدین یہ ہے کہ تم دین کے علم پر غور کرو، قرآن کریم پر غور کرو، صرف پڑھ لینا اور طوطے کی طرح رٹ لینا اور آگے بیان کر دینا کچھ چیز نہیں ہے۔ تفقہ فی الدین یہ ہے کہ جو بھی قرآن کریم کی تعلیم ہے، جو بھی آیات ہیں اور ہر آیت کے ہر لفظ کی گہرائی میں جا کر اترو اور اس کے معانی تلاش کرو اور اپنے دینی علم کو بڑھاؤ۔ اس لئے پہلی بات تو یہ یاد رکھیں کہ جامعہ میں رہتے ہوئے آپ نے پوری توجہ اپنی تعلیم کی طرف دینی ہے۔ جو بھی علم آپ کو پڑھایا جائے اس کو سمجھنا ہے اور اس لئے سمجھنا ہے کہ ہم نے اس کو اپنی زندگیوں میں بھی لاگو کرنا ہے اور اس کو آگے پھیلانا بھی ہے۔ صرف امتحان پاس کرنے کے لئے نہیں سمجھنا کہ رٹا مار کے امتحان دے دیا اور ختم ہو گیا قصہ۔ اس لئے شروع سے ہی قرآن کریم پر غور کرنے کی عادت ڈالیں، ترجمہ سیکھیں، تفسیر پڑھیں، حضرت مصلح موعود کی تفسیر بڑی گہری اور وسیع تفسیر ہے اس کو پڑھیں۔ حضرت مسیح موعود کی جو مختلف آیات کی تفسیر ہے، وضاحتیں ہیں، تشریحات ہیں ان کو پڑھیں جو اردو پڑھ سکتے ہیں اور جو نہیں پڑھ سکتے وہ ایک وقت نکالیں، اپنے ساتھیوں سے سنیں، کچھ تو انگلش میں ترجمہ ہو چکا ہے جن کو انگلش پڑھنی آتی ہے وہ اس میں پڑھیں۔ کچھ شاید جرمن زبان میں بھی مختلف اقتباسات ہوں ان کو پڑھیں، تو بہرحال پہلے دن سے آپ کی توجہ قرآن کریم کی تعلیم پر ہونی چاہئے۔ آجکل کیونکہ میں ذاتی طور پر تمام جامعات کے نتائج اور طلباء اور ان کی جو باقی Activities ہیں ان کو دیکھ رہا ہوں۔ تو جو بات سامنے آرہی ہے۔ اکثر لڑکے ابتدائی کلاسوں میں بھی ترجمہ قرآن میں پاس نہیں ہو رہے یا اتنے نمبر نہیں لیتے جتنے Required نمبر ہوتے ہیں پاس ہونے کے لئے۔ اس لئے ترجمے کی طرف آپ لوگ پہلے دن سے خاص طور پر توجہ دیں کیونکہ اس کے بغیر تو آپ آگے چل ہی نہیں سکتے۔ قرآن کریم کے بغیر اور پھر جب یہ علم حاصل کر لیں پھر اس میں جو ترجمہ آپ کو آئے اور اس میں پکے ہو جائیں تو پھر اس کی تفسیر دیکھیں۔ پھر خود غور کریں کہ کیا کیا معنی اس کے نکل سکتے ہیں تو جب تک یہ غور کرنے کی عادت نہیں پیدا ہوگی نہ آپ کو ترجمہ صحیح طرح آسکے گا نہ اس کی تفسیر کر سکتے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا قرآن کریم میں جن کا ذکر ہے تفقہ فی الدین کے لئے اپنے آپ کو پیش کرتے ہیں تا کہ آگے دین کو پھیلائیں آپ نے پیش کیا ہے یہ سمجھتے ہوئے کہ آپ میں وہ صلاحیت ہے کہ آپ دین کا علم سیکھ سکتے ہیں کیونکہ جو اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا کہ تمہارے گروہ میں سے، ہر قبیلے میں سے کچھ لوگ پیش کریں تو اللہ تعالیٰ کو یہ علم ہے اور تھا کہ ہر شخص اس گہرائی سے دینی علم حاصل نہیں کر سکتا اس لئے کچھ لوگ آئیں، دینی علم حاصل کریں ایک تو ذہنی صلاحیتیں وہ نہیں ہوتیں، دوسرے حالات وہ نہیں ہوتے ہر ایک کے تو آپ لوگوں کو جن میں سے بہت سارے واقفین نو ہیں۔ آپ کے ماں باپ نے دین کی خدمت کے لئے پیش کیا۔ آپ نے اپنی بلوغت کی عمر کو پہنچ کر اس کی توثیق اور تصدیق کر دی کہ ہم اپنے آپ کو انشاء اللہ تعالیٰ دین کی خدمت کے لئے پیش کریں گے اور کرتے ہیں۔ تو اس لحاظ سے اب آپ کی ذمہ داری ہے کہ اس علم کو سیکھیں اور باقی تمام ترجیحات اور توجہات سے نظر پھیر لیں اور صرف اور صرف اپنی Concentration اور توجہ اگر ہو تو جامعہ کی تعلیم کی طرف، دین کے علم کی طرف، قرآن کریم پڑھنے کی طرف، حضرت مسیح موعود کی کتب پڑھنے کی طرف، اس کے علاوہ کوئی آپ کا اور مقصد پیش نظر نہیں ہونا چاہئے۔ اس چیز کو ہمیشہ یاد رکھیں۔

جامعہ کی تعلیم جو ہے اس کو یہ نہ سمجھیں کہ ایک معمولی تعلیم ہے۔ بہت محنت کا کام ہے اور جو مارکس (Marks) رکھے گئے ہیں وہ بھی اچھی خاصی Percentage ہے۔ اس لئے وہ بہرحال حاصل کرنے ضروری ہیں اور اب گزشتہ دو تین سال سے کینیڈا، یو۔کے اور اب یہاں کے جامعہ کا بھی جو فائنل رزلٹ ہے، جب وہ تیار ہو جاتا ہے تو میرے پاس آتا ہے۔ اس کے بعد میں دیکھوں گا کہ آپ کی گزشتہ سال کی ساری Percentage کہ ہر ٹرم میں کتنے کتنے نمبر لئے، باقی رپورٹس کیا ہیں، اس کے بعد آپ کی اگلی کلاس میں پروموشن (Promotion) ہوگی۔ یہ نہ سمجھیں کہ جامعہ کی انتظامیہ نے آپ کو پاس کر دیا تو آپ پاس ہو گئے۔ فائنل Approval پھر میرے پاس آئے گی اور اب یوکے کا جامعہ بھی ہے۔ باوجود بار بار توجہ دلانے کے بعض لڑکے ایسے ہیں جو اپنی جگہ سے ہلتے ہی نہیں۔ کچھ فیل بھی ہوئے ہیں اور اگر ایک سال اور فیل ہوئے تو جامعہ سے فارغ کر دیئے جائیں گے۔

اسی طرح ربوہ کے جامعہ میں بھی آخری کلاسوں میں توجہ دینی شروع کی ہے۔ امید ہے انشاء اللہ تعالیٰ وہاں بھی بہتری کی صورتحال ہوگی۔ اس لئے بہت محنت کریں اور ہر ٹرم میں پاس ہونا ضروری ہے اور ہر مضمون میں پاس ہونا ضروری ہے اور اس کے علاوہ آپ کا جو روزانہ کا رویہ ہے اخلاقی حالت کا۔ اس کی طرف توجہ دینا ضروری ہے۔ ان ساری چیزوں کو مدنظر رکھنا ضروری ہوگا۔ یہ نہیں کہ جامعہ میں داخل ہو گئے۔ اب جماعت کو بڑی مجبوری ہے۔ ضرورت پڑ گئی ہے اس لئے ضرور آپ کو جامعہ میں رکھنا ہے اور آخر تک پہنچانا ہے۔ اللہ تعالیٰ جماعت کی ضروریات پوری کرے گا کرتا رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

واقفین نو آرہے ہیں اس لئے اپنی ذمہ داری کو سمجھیں۔ آپ لوگ جو ابتدائی طلباء ہیں۔ پہلی کلاس ہے۔ Poineer ہیں اس جامعہ کے، آپ لوگوں کو اپنے نمونے اور مثالیں قائم کرنی ہوں گی۔ کیونکہ جو مثالیں آپ قائم کر جائیں گے وہی پھر پیچھے آنے والے آپ کو Follow کریں گے۔ اس لئے محنت، اعلیٰ اخلاق اور پوری اطاعت اور فرمانبرداری کے ساتھ انتظامیہ سے تعاون اور اپنی حالتوں کو درست کرنے کی طرف توجہ دینی ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔

جامعہ کے بارے میں چند دن ہوئے۔ میر محمود احمد صاحب نے اپنی اہلیہ کی خواب لکھی جو حضرت مصلح موعود کی بیٹی ہیں۔ انہوں نے دیکھا کہ ایک جہاز ہے اس میں حضرت مصلح موعود کے ساتھ وہ بیٹھی ہوئی ہیں اور جہاز اڑ رہا ہے اور نیچے جامعہ احمدیہ ہے اور جہاز اڑتا چلا جا رہا ہے اور نیچے جامعہ احمدیہ چلتا جا رہا ہے۔ ختم نہیں ہو رہا۔ تو اس کی ایک تعبیر یہ بھی ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ دنیا میں جامعات کھلتے چلے جائیں گے۔ جہاں دینی علم حاصل کرنے والے پیدا ہوتے چلے جائیں گے۔ آئندہ ضرورت کے پیش نظر ہو سکتا ہے کہ جب تعداد بڑھے تو یورپ کے اور ملکوں میں بھی جامعہ کھلیں، امریکہ، کینیڈا اور ساؤتھ امریکہ وغیرہ کے علاقوں میں اور جامعہ کھلیں۔ جزائر میں جامعات کھلیں تو یہ تو کھلتے چلے جائیں گے انشاء اللہ تعالیٰ اور دین کے خادم پیدا ہوتے چلے جائیں گے۔ لیکن آپ لوگ جن کو اب اللہ تعالیٰ نے یہ موقع عطا فرمایا ہے۔ اس طرف توجہ رکھیں۔

میری اس طرف توجہ ہوئی کہ حضرت مصلح موعود کی یہ خواہش تھی کہ برلن (Berlin) میں بیت الذکر تعمیر کی جائے اور وہ خواہش اللہ تعالیٰ نے اس سال پوری کر دی، حضرت مصلح موعود نے یہ فرمایا تھا کہ اس کی تعمیر کے ساتھ ہمیں یہ امید ہے کہ روس کے جو ممالک ہیں یا روس ہے۔ اس طرف ہماری (دعوت الی اللہ) کے راستے کھلیں گے اور اس سال اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق دے رہا ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ برلن کی (بیت الذکر) کا بھی افتتاح ہوگا اور اس سال اللہ تعالیٰ آپ کو یہ توفیق بھی دے رہا ہے۔ جرمنی کی جماعت کو کہ یہاں جامعہ کا اجرا بھی ہو رہا ہے اور یہ (مربیان) جو تیار ہوں گے۔ یہ جرمن زبان جاننے والے بھی ہیں اور اردگرد کے ممالک سے بھی آئیں گے اور بعض اور ممالک کی زبانیں جاننے والے بھی۔ تو یہ لوگ پھر انشاء اللہ تعالیٰ برلن کے راستے سے آگے روس جانے کے قابل بھی ہو سکتے ہیں اور ہوں گے۔ تو اس لحاظ سے بھی آپ کو تعلیم کی طرف خاص توجہ دینی چاہئے کہ آپ نے ہمسایہ ملکوں کو، روس کو اور دوسرے ملکوں کو بھی فتح کرنا ہے اور آنحضرت ﷺ کے جھنڈے تلے لے کر آنا ہے۔ اس لحاظ سے خاص کوشش سے اس طرف توجہ کریں۔

میں سمجھتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کا یہ توارد ہے کہ (بیت الذکر) کا بھی افتتاح ہوگا۔ اس سال انشاء اللہ تعالیٰ جامعہ کا بھی افتتاح ہو گیا۔ (مربیان) تیار ہوں گے جو انشاء اللہ تعالیٰ یورپ میں اور روس کے ممالک میں پھیلنے والے ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو توفیق عطا فرمائے کہ اس مقصد کو پورا کرنے والے ہوں اور حقیقت میں وہ مقام حاصل کرنے والے ہوں جس کے لئے حضرت مسیح موعود نے جامعہ کو شروع کرنے کا اعلان فرمایا تھا اور وہ تھا۔

حضرت مولوی عبدالکریم صاحب اور حضرت مولانا برہان الدین جہلمی صاحب کی وفات پر آپ کو فکر پیدا ہوئی تھی کہ علمائے سلسلہ جو ہیں وفات پا رہے ہیں۔ (دعوت الی اللہ) کے لئے اور دینی تربیت کے لئے ہمیں اور (مربیان) اور افراد چاہئیں۔ وہ ابتداء ہوئی، مدرسہ کھلا پھر آگے اس نے ترقی کی اور جامعہ بنا تو یہ بات ہمیشہ پیش نظر رکھیں کہ ان (رفقاء) کے نمونے اپنانے کی کوشش کرنی ہے جنہوں نے دین کے لئے ہر قربانی کی جامعہ میں تعلیم حاصل کرنے کی طرف

توجہ ہوگی۔ اپنے اعلیٰ اخلاق اپنانے کی طرف توجہ ہوگی۔ دنیاداری سے دور رہنے کی طرف توجہ ہوگی تو پھر یہ عادتیں جو پکی ہو جائیں گی تو پھر جب میدان عمل میں جائیں گے وہاں جا کر پھر آپ خالصۃً اللہ کے ہو کر اس کے دین کی خدمت کرنے والے بن سکیں گے۔ آپ کی تمام خواہشات نفسانی خواہشات نہیں ہوں گی بلکہ اللہ کی مرضی کے تابع ہوں گی اور ان کو اللہ کی مرضی کے تابع بنانے کے لئے آپ کو ہمیشہ کوشش کرتے رہنا چاہئے اور اس کے لئے سب سے بڑی بات یہ ہے کہ دعا۔ اس لئے پہلے دن سے دعا کی عادت ڈالیں۔ نمازوں میں دعاؤں کی عادت ڈالیں۔ نوافل کی عادت ڈالیں۔

آپ میں سے بہت سارے لڑکے ایسے ہیں جو اس عمر کے ہیں۔ عمر کے لحاظ سے بھی Relaxation دی گئی تھی۔ میرا خیال ہے کہ 20 سال سے 22 سال سے زائد عمر کے بھی بعض لڑکے ہیں۔ (حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے پرنسپل صاحب سے دریافت فرمایا تو پرنسپل صاحب نے بتایا کہ جی حضور اس عمر کے ہیں)

حضور انور نے فرمایا تو اس لئے یہ کوئی بات نہیں کہ ہم چھوٹی عمر کے ہیں۔ ہماری آنکھ نہیں کھلتی۔ ابھی سے عادت ڈالیں۔ جب آپ نے اپنے آپ کو دین کے لئے وقف کیا ہے۔ دین سیکھنے کے لئے وقف کیا ہے تو پھر وہ طریقے اختیار کریں جو اللہ تعالیٰ نے بتائے ہیں اور سب سے بڑا ذریعہ یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں تا کہ وہ آپ کے ذہنوں کو جلا بخشے۔ آپ کو آگے ترقی کی طرف لے جانے والا بھی بنائے اور پھر خالصۃً اس کے دین کی خدمت کرنے والے بھی بنیں۔ اس لئے نمازوں کے ساتھ نوافل کی طرف بھی توجہ دیں اور یہ دعائیں ہی ہیں، انشاء اللہ تعالیٰ جو آپ کی اس تعلیم کے عرصے کے دوران بھی اور میدان عمل میں بھی کام آئیں گی۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔ اب دعا کر لیں''۔

حضور انور کا یہ خطاب گیارہ بجکر پینتالیس منٹ پر ختم ہوا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے خطاب کے بعد دعا کروائی اس افتتاحی تقریب کے آخر پر چائے وغیرہ اور ریفریشمنٹ کا انتظام کیا گیا تھا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت اس میں شمولیت فرمائی اور طلباء جامعہ، ان کے والدین اور مہمانوں کے ساتھ چائے نوش فرمائی۔

ملاقاتیں

دو پہر بارہ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے دفتر تشریف لے آئے۔ جہاں پروگرام کے مطابق فیملیز کی ملاقاتیں شروع ہوئیں۔ آج 54 فیملیز کے 245 افراد نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کرنے کی سعادت حاصل کی ان ملاقات کرنے والوں میں جرمنی کی فرینکفرٹ اور اس کے اردگرد کی جماعتوں کے علاوہ پاکستان، کینیڈا، کویت، آسٹریا اور ملک چیک ریپبلک سے آنے والی بعض فیملیز بھی شامل تھیں۔ ملاقاتوں کا یہ پروگرام دو بجکر دس منٹ تک جاری رہا۔

تقریب آمین

دو بجکر بیس منٹ پر حضور انور نے بیت السبوح فرینکفرٹ میں نماز ظہر وعصر جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد تقریب آمین ہوئی۔ تقریب آمین میں 43 بچے اور 35 بچیاں شامل ہوئیں۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت ہر ایک سے قرآن کریم کا کچھ حصہ سنا اور آخر پر دعا کروائی۔

تین بجکر بیس منٹ پر تقریب آمین ختم ہوئی۔ بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

(جاری ہے)

مکرم رانا عبدالرزاق خان صاحب

خلفاء سلسلہ کے مبارک ارشادات کی روشنی میں

نظام خلافت اور ہماری ذمہ داریاں

آج کے دور میں اللہ تعالیٰ نے صرف جماعت احمدیہ کو خلافت جیسی نعمت عظمیٰ سے نوازا ہے۔ اس نعمت کے لئے ہم خدا تعالیٰ کا جس قدر بھی شکر ادا کریں کم ہے بلکہ حقیقت تو یہ ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کا ہم پر اتنا بڑا احسان ہے کہ ہم اس کا پورے طور پر شکر ادا کر ہی نہیں سکتے۔ پھر بھی اس احسان عظیم کے شکرانے کے طور پر ہم پر کچھ ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں جن کا ادا کرنا ہمارے لئے بے حد ضروری ہے۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے فرمایا:

''میں یہ وصیت کرتا ہوں کہ تمہارا اعتصام حبل اللہ کے ساتھ ہو۔ قرآن تمہارا دستور العمل ہو۔ باہم کوئی تنازع نہ ہو کیونکہ تنازع فیضان الٰہی کو روکتا ہے۔......... چاہئے کہ تمہاری حالت اپنے امام کے ہاتھ میں ایسی ہو جیسے میت غسال کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔ تمہارے تمام ارادے اور خواہشیں مردہ ہوں اور تم اپنے آپ کو امام کے ساتھ ایسا وابستہ کرو جیسے گاڑیاں انجن کے ساتھ اور پھر ہر روز دیکھو کہ ظلمت سے نکلتے ہو یا نہیں۔ وحدت کو ہاتھ سے نہ جانے دو۔ دوسرے کے ساتھ نیکی اور خوش معاملگی میں کوتاہی نہ کرو۔ تیرہ سو برس کے بعد یہ زمانہ ملا ہے اور آئندہ یہ زمانہ قیامت تک نہیں آ سکتا۔ پس اس نعمت کا شکر کرو کیونکہ شکر کرنے پر ازدیاد نعمت ہوتا ہے۔

(خطبات نور صفحہ 131)

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے فرمایا:

''اس بات کو خوب اچھی طرح یاد رکھو کہ خلافت حبل اللہ ہے اور ایسی رسی ہے کہ اسی کو پکڑ کر تم ترقی کر سکتے ہو۔ اس کو جو چھوڑ دے گا وہ تباہ ہو جائے گا۔''

(درس القرآن بیان فرمودہ یکم مارچ 1921ء بحوالہ درس القرآن صفحہ 67 تا 84 مطبوعہ قادیان نومبر 1921ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے فرمایا:

''ہمارے لئے ضروری ہے کہ ہم اس کے شکر گزار بندے بن کر زندگیوں کے دن گزاریں اور جماعت کے اندر اتحاد و اتفاق کو ہمیشہ قائم رکھیں اور اس حقیقت کو نظر انداز نہ کریں کہ سب بزرگیاں اور ساری ولایت خلافت راشدہ کے پاؤں کے نیچے ہے۔''

(تعمیر بیت اللہ کے 23 عظیم الشان مقاصد صفحہ 116)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے فرمایا:

